FAUJI CEMENT COMPANY LIMITED

Fauji Towers, Block-III, 68 Tipu Road, Chaklala, Rawalpindi, Pakistan

Fax No	:	051-9280416	**Tel**	:	051-9280075
E-mail	:	secretaryoffice@fccl.com.pk	**Exchange**	:	051-9280081-83 5763321-24
Website	:	http://www.fccl.com.pk			
Case No	:	SECY/FCCL/2037/67	**Dated:**		30 September 2022

To: The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road, Karachi

Subject: **Notice of 30th Annual General Meeting of Fauji Cement Company Limited (FCCL) Scheduled on 21st October 2022**

Dear Sir,

1. Please be informed that 30th Annual General Meeting (AGM) of FCCL will be held at Pearl Continental Hotel, The Mall, Rawalpindi, on **21st October 2022** (Friday) at **1530 hours**. Hard copy of Notice for 30th AGM of FCCL is attached herewith for your kind information and necessary reference.

2. The required copies of Newspapers (**Business Recorder** and **Daily Nawa-i-Waqt**) in which the Notice of 30th AGM will be published on **1st October 2022** at Karachi, Lahore, Rawalpindi and Islamabad are forwarded to the Pakistan Stock Exchange and Securities & Exchange Commission of Pakistan in due course of time.

3. Submitted for kind information, please.

With regards,

Fauji Cement Company Limited FAUJI CEMENT Rawalpindi

Your's sincerely,

Brig Abid Hussain Bhatti, SI(M), (Retd)
Company Secretary

Copy to:

- Manager
  Companies & Securities Compliance
  Pakistan Stock Exchange Limited
  Pakistan Exchange Building, Stock Exchange Road, Karachi
- Executive Director
  Company Law Division
  Corporatization and Compliance Department
  Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP)
  NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad
- Chief Compliance & Risk Officer
  Central Depository Company (CDC) of Pakistan Limited
  CDC House,99-B Block B, S.M.C.H.S, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi

Notice of 30th Annual General Meeting

30th Annual General Meeting (AGM) of the shareholders of Fauji Cement Company Limited (FCCL) will be held at Pearl Continental Hotel, The Mall, Rawalpindi on 21st October 2022 (Friday) at 1530 hours to transact the following business:-

Ordinary Business

1. To confirm the minutes of 12th and 13th Extraordinary General Meeting held on 9th December 2021 and 26th February 2022 respectively.
2. To consider, approve and adopt Annual Audited Accounts of the Company together with the Directors' and Auditors' Reports for the year ended 30th June 2022.
3. To appoint Statutory Auditors of the Company and fix their remuneration for the year ending 30th June 2023.

Special Business

4. To consider and approve the bonus shares @12.5% (12.5 bonus shares for every 100 shares held) for the year ended 30 June 2022 as recommended by the Board of Directors. In order to give effect to the aforesaid, if thought fit pass with or without modification the following resolutions as Special Resolutions:-

   RESOLVED THAT a sum of Rs. 2,725,385,800 be utilized out of the share premium account of the Company and applied towards issue of 272,538,580 ordinary shares of Rs. 10 each to be allotted as fully paid bonus shares in the proportion of 12.5 ordinary shares for every 100 ordinary shares, i.e. 12.5% held by a shareholder of the Company.

   FURTHER RESOLVED THAT the above bonus shares shall rank pari passu in all respects with the existing ordinary shares of the Company, as regards future dividend and in all other respects.

   FURTHER RESOLVED THAT fractional entitlements of the members shall be consolidated into whole shares and sold in the stock market and the sale proceeds shall be donated to a charitable institution as permissible under the law.

   FURTHER RESOLVED THAT the Chief Executive Officer and Secretary of the Company, be and are hereby jointly and / or severally authorized to give effect to above resolutions and to do and cause to be

Fauji Cement Company Limited FAUJI CEMENT Rawalpindi

done all acts, deeds and things that may be necessary, incidental or required for issue, allotment and distribution of the said bonus shares and payment of sale proceeds of the fractional shares.

5. To consider and approve increase in authorised capital of the company, for this purpose, to adopt the following resolutions, with or without modifications, as Special Resolutions:-

RESOLVED *as and by way of Special Resolution that the authorised share capital of the Company be and is hereby increased to Rs. 50,000,000,000/- (Pak Rupees Fifty Billion) by the creation of 2,500,000,0000 (Two billion and Five Hundred Million) ordinary shares of Rs. 10/- each, such new shares to rank pari passu in all respects with the existing ordinary shares in the capital of the Company, and that accordingly:*

a. ***Object V*** *of the Memorandum of Association of the Company be and is hereby amended to read as follows:-*

"V. The authorised capital of the Company is Rs. 50,000,000,000/ (Rupees Fifty Billion Only) divided into (5,000,000,000) (Five Billion) ordinary shares of Rs. 10/- each with Rights, Privileges and Conditions attaching thereto as provided by the Articles of Association of the Company from time to time, with power to increase and reduce the Capital of the Company and to divide the shares into several classes of shares and issue shares of higher or lower denomination subject to any permission required under the law.

b. ***Article 4*** *of the Articles of Association of the Company be and is hereby amended to read as follows:*

"4. The Authorized Capital of the Company is Rs. 50,000,000,000/ (Rupees Fifty Billion Only) divided into (5,000,000,000) (Five Billion) ordinary shares of Rs. 10/- each with rights, privileges and conditions attaching thereto as provided by the Memorandum of Association and Articles of Association of the Company from time to time, with power to increase and reduce the Capital of the Company and to divide the shares into several classes of shares and issue shares of higher or lower denomination subject to any permission required under the law.

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

Other Business

6. To transact any other business with permission of the Chairman.

By Order of FCCL Board of Directors

Fauji Cement Company Limited Rawalpindi

Brig Abid Hussain Bhatti, SI(M), (Retd)
Company Secretary

Rawalpindi
Dated 30 September 2022

Enclosure: Statement of Material Facts covering the above mentioned Special Business, as required under Section 134(3) of the Companies Act 2017.

Notes

1. The Share Transfer Books of the Company will remain closed from **15th October to 21st October 2022** (both days inclusive) for the purpose of attending AGM.

2. A member of the Company entitled to attend and vote at this Meeting may appoint any shareholder as his / her proxy to attend and vote on his / her behalf. The instrument appointing proxy must be received at the registered office of the Company duly stamped and signed, not later than **48** hours before the time for holding the meeting. A member cannot appoint more than one proxy. Attested copy of the shareholder's Computerized National Identity Card (**CNIC**) must be attached with the Form. For any other relevant aspects, contents of section **137** of **Companies Act, 2017** will apply.

3. CDC Account Holders will further have to follow the undermentioned guidelines, as laid down in Circular No. **1 of 2000** of SECP dated 26th January 2000:-

   a. **For Attending the Meeting**

      (1) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/ or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his / her identity by showing his / her original CNIC or original Passport at the time of attending the meeting.

      (2) Member registered on Central Depository Company (CDC) are also requested to bring their particulars, ID number and account number in Central Depository System (CDS).

      (3) In case of corporate entity, the Board of Directors' Resolution/ Power of Attorney with specimen signature and attested copy of valid CNIC of the nominee shall be produced at the time of meeting.

      (4) The Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) through its Circular No. EMD/ MISC/82/2012-77 dated 15th February 2021, has directed the Listed Companies to arrange participation of shareholders in AGM through videos link, webinar, zooming etc, in addition to allowing physical attendance by the members. This direction has been issued to safeguard the shareholders against the continuing threat

Fauji Cement Company Limited FAUJI CEMENT Rawalpindi

posed by the COVID-19 pandemic and to protect their wellbeing.

(5) The video link of meeting shall be sent to the members on their registered email addresses.

b. **For Appointing Proxies**

(1) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/ or the person whose securities are in-group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the Proxy Form as per the above requirement.

(2) The Proxy Form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC Numbers shall be mentioned on the Form.

(3) Attested copies of CNIC or Passport of the beneficial owners and the Proxy shall be furnished with the Proxy Form.

(4) The Proxy shall produce his/ her original CNIC or original Passport at the time of meeting.

(5) In case of corporate entity, the Board of Directors' Resolution/ Power of Attorney with specimen signature shall be submitted along with Proxy Form to the Company.

4. **Availability of Annual Audited Financial Statement**

a. In accordance with the provisions of **Section 223** of the **Companies Act 2017**, the Audited Financial Statements of the Company for the year which ended on 30th June 2022, are available on the Company's website (http://www.fccl.com.pk).

b. In accordance with **SRO 470 (I) / 2016 dated 31st May 2016**, SECP has allowed the Companies to circulate the Annual Audited Financial Statements, Auditors' Report and Directors' Report to its members through **CD/DVD/USB** instead of transmitting the hard copies at their registered addresses. The Company has obtained shareholders' approval in its 25th Annual General Meeting held on 30th October 2017. Accordingly, the Annual Report of FCCL for the year which ended on **30th June 2022** is being dispatched to the shareholders through CD. However, if any shareholder, in addition, desires to get the hard copy of Annual Audited Financial Statements, Auditors' Report and Directors' Report the same shall

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

be provided free of cost within seven working days of receipt of such request.

c. For convenience of shareholders, a **"Standard Request Form"** for provision of Annual Audited Financial Accounts are available on the Company's website (**http://www.fccl.com.pk**).

5. **Notice of AGM & Annual Accounts through Email**

a. Pursuant to Notification vide SRO. 787(1)/2014 dated 8th September 2014, SECP has directed to facilitate the members of the Company receiving Annual Financial Statements and Notices through electronic mail system (E-mail). We are pleased to offer this facility to our members who desire to receive Annual Financial Statements and Notices of the Company through e-mail in future. In this respect, members are hereby requested to convey their consent via e-mail on a "**Standard Request Form**", which is available at the Company website i.e. (**http://www.fccl.com.pk**).

b. Please ensure that your e-mail has sufficient rights and space available to receive such e-mail, which may be larger than 1 MB file in size. Further, it is the responsibility of the member to timely update the Company Shares Registrar of any change in the registered e-mail address.

6. **Unclaimed /Unpaid Dividends**

Shareholders, who by any reason, could not claim their Unclaimed/Unpaid dividends are advised to contact our Shares Registrar M/s Corplink (Pvt) Limited, Wings Arcade, 1-K, Commercial, Model Town, Lahore to collect / enquire about their Unclaimed / Unpaid dividends, if any. In this regard, the Company has sent notices to the Shareholders at their registered addresses and also published in the newspapers requesting them to submit their claims.

7. **Deposit of Physical Shares into CDC Account**

a. As per Section 72 of the Companies Act, 2017, every existing Listed Company is required to replace its Physical Shares with Book-Entry Form (CDC Accounts) in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission.

b. The Shareholders having physical shareholding are encouraged to open CDC sub account with any of the brokers or Investor Account directly with CDC to place their Physical Shares into scrip less form,

Fauji Cement Company Limited Rawalpindi

this will facilitate them in many ways, including safe custody and sale of shares, any time they want, as the trading of Physical Shares is not permitted as per existing regulations of the Pakistan Stock Exchange.

8. **Provision of International Banking Account Number (IBAN Detail)**

"Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017 and SECP's Circular No 421(I) 2018 dated 19th March 2021, it is mandatory for a listed Company to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into bank account designated by the entitled shareholders. Further, vide its letter dated 19th March 2021, SECP has directed all the listed companies to pursue its shareholder to obtain International Bank Account Number (IBAN) detail.

9. **Submission of the CNIC/ NTN Details (Mandatory)**

In accordance with the notification of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide SRO 779(1)/2011 dated 18th August 2011 and SRO 83(1)/ 2012 dated 5th July 2012, dividend warrants should bear CNIC number of the registered member or the authorized person, except in case of minor(s) and corporate members. Accordingly, Shareholders who have not yet submitted copy of their valid CNIC or NTN in case of corporate entities are requested to submit the same to the Company's Shares Registrar. In case of non-compliance, the Company may withhold dispatch of dividend warrants under intimation to Regulator till such time they provide the valid copy of their CNIC as per law.

10. **Video Conference Facility**

a. In accordance with the provisions of **Section 132 and 134** of the Companies Act, 2017, on the demand, received at least seven days before the date of meeting, of members residing in a city, who hold at least **10%** or more shareholding, **video-link facility** will be provided to such members enabling them to participate in the AGM. They will be entertained subject to availability of such facility in that city.

b. Subject to the fulfilment of the above conditions, members shall be informed of the venue, 2 days before the date of the Annual General Meeting along with complete information necessary to access the facility. In this regard, please send a duly signed request as per format given in para **11c** at the registered address of the Company **7 days** before holding of AGM.

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

c. For convenience of shareholders, a **"Consent Form"** for provision of Video link facility is available on the Company's website.

11. **Change of Address**. Members are requested to notify any change in their addresses immediately. For any further assistance, the members may contact the Company or the Share Registrar at the following address:-

a. **Registered Office - FCCL**
Company Secretary
Fauji Cement Company Limited
Fauji Towers, Block -III, 68 Tipu Road
Chaklala, Rawalpindi, Pakistan
Tel: +92-051-9280081- 83
Website: htpp://www.fccl.com.pk

b. **FCCL Registrar**
M/s Corplink (Pvt) Limited
Wings Arcade, 1-K, Commercial
Model Town Lahore, Pakistan
Tel: +92-042-35916714-19, 35839182
Email: corplink786@gmail.com,
Website: http://www.Corplink.com.pk

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

Statement of Material Facts under Section 134 (3) of the Companies Act, 2017

BONUS SHARES

The Board of Directors has recommended to the members of the Company to declare dividend by way of issue of fully paid bonus shares @12.5% for the year ended June 30, 2022 and thereby capitalize a sum of Rs. 2,725,385,800/-. The Directors have also recommended that all the fractional bonus shares shall be consolidated into whole shares and sold in the stock market and net proceeds form which sale, once realized, shall be donated to a charitable institution as permissible under the law.

Increase in Authorised Capital

At present the authorised capital of the Company is Rs. 25 Billion divided into 2.5 billion ordinary shares of Rs.10/- each. The paid up capital stands at Rs. 2.1 billion. In order to meet the future capital needs as well as capitalization of reserves, it is proposed that the authorised capital be raised to the level of Rs. 50 billion divided into 5 billion ordinary shares of Rs. 10/- each.

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

اطلاع برائے 30 واں سالانہ اجلاس عام

فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے شراکت داران کا 30 واں سالانہ اجلاسِ عام (AGM) بمقام پرل کانٹینینٹل ہوٹل، دی مال، راولپنڈی، بتاریخ 21 اکتوبر 2022 (جمعہ) بوقت 1530 بجے منعقد ہوگا جس میں درج ذیل امور طے کیے جائیں گے:

عمومی امور

1۔ 9 دسمبر 2021 اور 26 فروری 2022 کو منعقد ہونے والے بالترتیب 12 ویں اور 13 ویں غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اور ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کو زیرِ غور لانا اور ان کی منظوری دینا۔

3۔ 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے منظور شدہ آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔

خصوصی امور

4۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے 12.5 فیصد کے حساب سے بونس شیئرز (ہر 100 شیئرز کے حامل شراکت دار کے لیے 12.5 بونس شیئرز) کو زیرِ غور لانا اور ان کی منظوری دینا۔ مندرجہ بالا امر پر عمل درآمد کے لیے، اگر موزوں سمجھا جائے تو درج ذیل قرارداد کو ترمیم کے ساتھ یا بلاترمیم خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنا:۔

یہ طے پایا کہ مبلغ 2,725,385,800 روپے کی رقم کمپنی کے پریمیم اکاؤنٹ سے استعمال کی جائے اور اسے 10 روپے کی قدر والے 272,538,580 عمومی شیئرز میں 12.5 فیصد عمومی شیئرز کی شرح سے تقسیم کیا جائے یعنی کمپنی کے شراکت دار کو ہر 100 شیئرز رکھنے پر 12.5 عمومی شیئرز دیے جائیں۔

مزید یہ طے پایا کہ مذکورہ بالا بونس شیئرز کی قدر ہر اعتبار سے، جس میں آئندہ منافع کی تقسیم اور دیگر تمام امور شامل ہیں، کمپنی کے موجودہ عمومی شیئرز کے برابر ہوگی۔

مزید یہ طے پایا کہ تمام شراکت داران کے مکمل شیئرز سے اوپر ریزگاری والے حصوں کو جمع کر کے پورے شیئرز بنائے جائیں گے اور انھیں سٹاک مارکیٹ میں فروخت کر کے ان سے حاصل ہونے والی آمدنی کو قانون کے تحت کسی خیراتی ادارے کو عطیہ کر دیا جائے گا۔

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

مزید یہ طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکرٹری باہم مل کر یا انفرادی طور پر مذکورہ بالا قرارداد کو عملی شکل دینے میں مختلف امور، معاہدے یا دیگر چیزیں جو ضروری سمجھی جائیں، اور ایسے کام جو مذکورہ بونس شیئرز کو جاری کرنے، ان کی تفویض اور ان کی تقسیم کے لیے درکار ہوں اور ریزگاری شیئرز سے حاصل ہونے والی آمدنی کو خرچ کرنے کے مجاز بنائے جاتے ہیں۔

5۔ کمپنی کے منظور شدہ سرمائے میں اضافے کو زیرِ غور لانا اور اس کی منظوری دینا اور اس مقصد کے لیے، درج ذیل قراردادوں کو ترمیم کے ساتھ یا بلا ترمیم خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنا:۔

یہ طے پایا کہ اس خصوصی قرارداد کے ذریعے 2,500,000,000 (دو ارب، پچاس کروڑ) نئے عمومی شیئرز تخلیق کر کے کمپنی کا منظور شدہ سرمایہ بڑھا کر -/50,000,000,000 روپے (مبلغ پچاس ارب پاکستانی روپے) کر دیا جائے، جس میں ہر عمومی شیئر کی قیمت مبلغ -/10 روپے فی شیئر ہو، اور یہ نئے تخلیق کردہ شیئرز ہر اعتبار اور ہر لحاظ سے کمپنی کے پہلے سے موجود عمومی شیئرز کے مساوی ہوں، اور اس کے مطابق:

(الف) کمپنی کے 'میمورنڈم آف ایسوسی ایشن' کی شق V میں درج ذیل ترمیم کی جائے اور اسے یوں پڑھا جائے:

"V۔ کمپنی کا منظور شدہ سرمایہ -/50,000,000,000 روپے (مبلغ پچاس ارب روپے) ہے، جسے 5,000,000,000 (پانچ ارب) عمومی شیئرز میں تقسیم کیا گیا ہے جس میں سے ہر شیئر کی قیمت -/10 روپے ہے اور ہر شیئر کے ساتھ وہ تمام حقوق، مراعات اور شرائط منسلک ہیں جن کی وضاحت کمپنی کے 'آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن' میں وقتاً فوقتاً کی گئی ہے اور جس کے ساتھ کمپنی کے سرمائے کو بڑھانے اور کم کرنے اور شیئرز کو مختلف زمروں میں تقسیم کرنے اور زیادہ یا کم مالیت کے شیئرز جاری کرنے کے اختیارات دیے گئے ہیں جو قانون کے تحت درکار مزید کسی اجازت سے مشروط ہیں۔"

(ب) کمپنی کے 'آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن' کی شق 4 میں درج ذیل ترمیم کی جائے اور اسے یوں پڑھا جائے:

"4۔ کمپنی کا منظور شدہ سرمایہ -/50,000,000,000 روپے (مبلغ پچاس ارب روپے) ہے، جسے 5,000,000,000 (پانچ ارب) عمومی شیئرز میں تقسیم کیا گیا ہے جس میں سے ہر شیئر کی قیمت -/10 روپے ہے اور ہر شیئر کے ساتھ وہ تمام حقوق، مراعات اور شرائط منسلک ہیں جن کی وضاحت کمپنی کے 'آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن' میں وقتاً فوقتاً کی گئی ہے اور جس کے ساتھ کمپنی کے سرمائے کو بڑھانے اور کم کرنے اور شیئرز کو مختلف زمروں میں تقسیم کرنے اور زیادہ یا کم مالیت کے

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

شیئرز جاری کرنے کے اختیارات دیے گئے ہیں جو قانون کے تحت درکار مزید کسی اجازت سے مشروط ہیں۔''

دیگرامور

6۔ چیئرمین کی اجازت سے کمپنی کے دیگر کسی طرح کے امور پر غور کرنا۔

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز، فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ

بریگیڈیر (ر) عابد حسین بھٹی، ستارۂ امتیاز (ملٹری)

کمپنی سیکریٹری

راولپنڈی

مؤرخہ :30 ستمبر،2022

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

منسلک دستاویزات:

مذکورہ بالا خصوصی امور سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت اصل حقائق پر مبنی تحریری دستاویز

نوٹ

1۔ میٹنگ میں شرکت کرنے کے لیے کمپنی کے شیئرز کی منتقلی کے کھاتہ جات 15 اکتوبر سے 21 اکتوبر 2022 (دونوں دن سمیت) بند رہیں گے۔

2۔ میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا رکن اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو بطور پراکسی، میٹنگ میں شرکت کرنے اور اپنی جگہ ووٹ دینے کے لیے مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کے تقرر کی دستاویز جس پر باقاعدہ دستخط اور مہر موجود ہو میٹنگ کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہوجانی چاہیے۔ کوئی ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر نہیں کرسکتا۔ شراکت دار کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) کی مصدقہ نقل فارم کے ساتھ لازماً منسلک کی جائے۔ مزید کسی متعلقہ معاملے پر کمپنیز ایکٹ، 2017 کا سیکشن 137 لاگو ہوگا۔

3۔ CDC اکاؤنٹ رکھنے والوں کو درج ذیل رہنما اصولوں کی پیروی کرنا ہوگی جیسا کہ SECP کے 2000 کے سرکلر نمبر 1 مؤرخہ 26 جنوری 2000 میں بیان کیے گئے ہیں:۔

الف۔ **میٹنگ میں شرکت کے لیے**

(1) ایک فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسا شخص جس کی سکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، میٹنگ میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کے ثبوت کے طور پر اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ دکھائے گا۔

(2) سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی (CDC) میں رجسٹر شدہ ممبران سے بھی درخواست ہے کہ اپنے کوائف، آئی ڈی نمبر اور سنٹرل ڈیپازٹری سسٹم (CDS) میں اپنا اکاؤنٹ نمبر ساتھ لائیں۔

(3) کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ جس پر مقررہ دستخط ہوں اور میٹنگ کے وقت نامزد فرد کے مؤثر CNIC کی مصدقہ نقل بھی فراہم کرنا ہوگی۔

(4) سکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے سرکلر نمبر EMD/MISC/82/2012-77 مؤرخہ 15 فروری 2021 میں لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت جاری کی ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں شراکت داران کی روبرو شرکت کے ساتھ ساتھ وڈیو لنک، ویبی نار، زوم وغیرہ کے ذریعے بھی ان کی شمولیت کے انتظامات کیے جائیں۔ یہ ہدایت شراکت داران کو حالیہ کرونا وبا کے خدشات سے محفوظ رکھنے اور ان کی سلامتی و تحفظ کی خاطر جاری کی گئی ہے۔

(5) ممبران کو ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر میٹنگ کا وڈیو لنک ارسال کردیا جائے گا۔

ب۔ **پراکسی کے تقرر کے لیے**

(1) ایک فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسا شخص جس کی سکیوریٹیز گروپ

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہیں، مذکورہ بالا ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائے گا۔

(2) پراکسی فارم پر دو افراد بطور گواہ دستخط کریں گے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج کیے جائیں گے۔

(3) اصل شراکت دار اور پراکسی دونوں کے CNIC کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائیں گی۔

(4) پراکسی اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ میٹنگ کے وقت فراہم کرے گا۔

(5) کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ جس پر مقررہ دستخط موجود ہوں پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو فراہم کیا جائے گا۔

4۔ <u>سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے کی دستیابی</u>

الف۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 کے تحت، 30 جون 2022 کو ختم ہونے والی مالی سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ (http://www.fccl.com.pk) پر فراہم کیے گئے ہیں۔

ب۔ SRO 470 (I) / 2016 مؤرخہ 31 مئی 2016 کے مطابق، SECP نے کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ اپنے ممبران کو کاغذ پر پرنٹ کی صورت میں ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کرنے کی بجائے سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کے ذریعے بھی فراہم کرسکتی ہیں۔ کمپنی نے 30 اکتوبر 2017 کو منعقد ہونے والے 25ویں سالانہ اجلاس عام میں اس حوالے سے شراکت داران سے منظوری حاصل کر رکھی ہے۔ اسی کے تحت، 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے FCCL کی سالانہ رپورٹ سی ڈی کے ذریعے شراکت داران کو ارسال کی جارہی ہے۔ تاہم اگر اس کے ساتھ ساتھ کوئی شراکت دار سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ کاغذ پر پرنٹ شدہ صورت میں بھی حاصل کرنے کا خواہش مند ہو، تو اس کی درخواست کے وصول ہونے کے سات فعال دنوں کے اندر بلا قیمت فراہم کردی جائے گی۔

ج۔ شراکت داران کی سہولت کے لیے، سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے کے حصول کے لیے ایک ''مقررہ درخواست فارم''، کمپنی کی ویب سائٹ (http://www.fccl.com.pk) پر دستیاب ہے۔

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

5۔ **سالانہ اجلاس عام کا نوٹس اور سالانہ مالی گوشوارے بذریعہ ای میل**

الف۔ نوٹیفکیشن بذریعہ SRO.787(1)/2014 مؤرخہ 8 ستمبر 2014 کے تحت، SECP نے ہدایت جاری کی ہے کہ کمپنی کے ممبران کو سالانہ مالی گوشوارے اور تمام نوٹس ای میل کے ذریعے ارسال کر کے سہولت فراہم کی جائے۔ ہم مسرت کے ساتھ اپنے ان ممبران کو اس سہولت کی پیش کش کرتے ہیں جو مستقبل میں سالانہ مالی گوشوارے اور کمپنی کے تمام نوٹس ای میل کے ذریعے حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں۔ اس ضمن میں ممبران سے گزارش ہے کہ ''مقررہ درخواست فارم'' پر جو کمپنی کی ویب سائٹ (http://www.fccl.com.pk) پر دستیاب ہے، بذریعہ ای میل اپنی رضامندی ارسال کریں۔

ب۔ ازراہِ کرم یقینی بنائیے کہ آپ کی ای میل میں مطلوبہ حقوق اور جگہ موجود ہے جو اس طرح کی ای میل موصول کرنے کے لیے ضروری ہے۔ فائل کا سائز ایک MB سے زیادہ ہوسکتا ہے۔ مزید برآں، یہ ذمہ داری ممبر کی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں کسی طرح کی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس بروقت اطلاع پہنچائے۔

6۔ **غیر طلب شدہ/غیر ادا شدہ منافع جات**

ایسے شراکت داران جو کسی وجہ سے اپنے غیر طلب شدہ/غیر ادا شدہ منافع جات اب تک طلب نہیں کر سکے، ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ ایسے منافع جات، اگر کوئی ہوں، حاصل کرنے کے لیے یا ان کے بارے میں دریافت کرنے کے لیے ہمارے شیئرز رجسٹرار میسرز کارپلنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور سے رابطہ کریں۔ اس ضمن میں کمپنی نے شراکت داران کو ان کے رجسٹرڈ پتوں پر نوٹس بھجوا دیے ہیں اور اخبارات میں اشاعت کے ذریعے بھی ان سے درخواست کی گئی ہے کہ اپنے کلیم جمع کرائیں۔

7۔ **فزیکل شیئرز کو CDC اکاؤنٹ میں جمع کرانا**

الف۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے تحت، ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ کمیشن کی اعلان کردہ تاریخ سے اور اس کے مقرر کردہ طریقے کے مطابق اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم (CDC اکاؤنٹ) میں بدل دے۔

ب۔ ایسے شراکت داران جن کے پاس فزیکل شیئرز ہیں انھیں ترغیب دی جاتی ہے کہ کسی بھی بروکر یا سرمایہ کار اکاؤنٹ کے ساتھ CDC کا ذیلی اکاؤنٹ کھولیں اور اپنے فزیکل شیئرز کو غیر کاغذی شکل میں تبدیل کر لیں، اس سے انھیں کئی طرح کی سہولت حاصل ہو گی جس میں انھیں حفاظت کے ساتھ رکھنا اور ان کی محفوظ خرید وفروخت شامل ہیں کیونکہ پاکستان سٹاک ایکسچینج کے موجودہ ضابطوں کے تحت فزیکل شیئرز کی خرید وفروخت کی اجازت نہیں۔

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

8۔ **انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کی تفصیلات کی فراہمی**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 اور SECP کے سرکلر نمبر 2018(I)421 مؤرخہ 19 مارچ 2021 کے تحت، کسی لسٹڈ کمپنی کے لیے یہ لازم ہے کہ اپنے شراکت داروں کو منافع جات کی ادائیگی صرف شراکت دار کے مجاز بینک اکاؤنٹ میں الیکٹرانک طریقے سے کرے۔ مزید برآں، SECP نے اپنے خط مؤرخہ 19 مارچ 2021 میں ہدایت کی ہے کہ تمام لسٹڈ کمپنیاں اپنے شراکت داروں سے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کی تفصیلات حاصل کریں۔

9۔ **CNIC/NTN کی تفصیلات کی فراہمی (لازمی)**

سکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے نوٹیفکیشن بذریعہ SRO 779(1)/2011 مؤرخہ 18 اگست 2011 اور SRO 83(1)/2012 مؤرخہ 5 جولائی 2012 کے تحت، منافع جات کی اطلاع کے کاغذات پر رجسٹرڈ ممبر یا اس کے مجاز شخص کا CNIC نمبر موجود ہونا چاہیے، ماسوا بچوں کے یا کاروباری اداروں کے۔ اسی طرح جن شراکت داروں نے تا حال اپنے مؤثر CNIC یا ادارہ ہونے کی صورت میں اپنے NTN کی نقل کمپنی کو فراہم نہیں کی، ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ یہ نقول کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔ عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں کمپنی، نگران ادارے کے علم میں لا کر، منافع جات کی دستاویزات کو روک سکتی ہے تاوقتیکہ ممبر قانون کے مطابق اپنے CNIC کی نقل فراہم کر دے۔

10۔ **وڈیو کانفرنس کی سہولت**

الف۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 132 اور 134 کے تحت، کسی شہر میں رہنے والے ممبران جن کے پاس 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئرز ہوں، ان کی طرف سے میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم سات دن قبل درخواست موصول ہونے پر انھیں وڈیو لنک کی سہولت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ سالانہ اجلاسِ عام میں شریک ہو سکیں۔ انھیں یہ سہولت اسی صورت میں دی جا سکے گی اگر اس شہر میں مذکورہ سہولت کی فراہمی کے اسباب دستیاب ہوں۔

ب۔ مذکورہ بالا تقاضے پورے ہونے کی صورت میں، ممبران کو سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے 2 دن پہلے اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے مقررہ جگہ اور دیگر تمام مطلوبہ معلومات فراہم کی جائیں گی۔ اس سلسلے میں، ازراہِ کرم پیرا 10 (ج) میں دیے گئے فارمیٹ کے مطابق ایک درخواست جو باقاعدہ دستخط شدہ ہو، سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے سات دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر ارسال کیجیے۔

ج۔ شراکت داران کی سہولت کے لیے، وڈیو لنک کی سہولت حاصل کے لیے ایک ''رضامندی کا فارم''، کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب کر دیا گیا ہے۔

11۔ **پتے کی تبدیلی:** ممبران سے گزارش ہے کہ ان کے پتے میں کسی طرح کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

پر آگاہ کریں۔ مزید معاونت کے حصول کے لیے، ممبران کمپنی یا شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتوں پر رابطہ کر سکتے ہیں:

الف۔ **رجسٹرڈ آفس – FCCL**

کمپنی سیکرٹری،

فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ،

فوجی ٹاور، بلاک–III، 68 ٹیپو روڈ،

چکلالہ، راولپنڈی، پاکستان۔

ٹیلی فون: 83-051-9280081-92+

ویب سائٹ: http://www.fccl.com.pk

ب۔ **FCCL رجسٹرار**

میسرز کارپلنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ،

ونگز آرکیڈ، 1-K، کمرشل

ماڈل ٹاؤن، لاہور، پاکستان۔

ٹیلی فون: +92-042-35916714-19, 35839182

ای میل: corplink786@gmail.com

ویب سائٹ: http://www.corplink.com.pk

Fauji Cement Company Limited
Rawalpindi

اصل حقائق کی دستاویز زیر سیکشن (3)134، کمپنیز ایکٹ، 2017

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے کہ کمپنی کے ممبران کو 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے ذیل میں مکمل ادائیگی کے ساتھ 12.5 فیصد کی شرح سے بونس شیئرز جاری کیے جائیں اور اس طرح مبلغ -/2,725,385,800 روپے منظور شدہ سرمائے میں شامل کیے جائیں۔ ڈائریکٹرز نے یہ بھی سفارش کی ہے کہ بونس شیئرز میں سے مکمل شیئرز سے اوپر ریزگاری والے حصوں کو جمع کر کے مکمل شیئرز بنائے جائیں اور انھیں سٹاک مارکیٹ میں فروخت کر کے ان سے حاصل شدہ آمدنی جو جمع ہو گی، اسے کسی خیراتی ادارے کو قانون کے تحت عطیہ کر دیا جائے۔

منظور شدہ سرمائے میں اضافہ

اس وقت کمپنی کا منظور شدہ سرمایہ مبلغ 25 ارب روپے ہے جو 2.5 ارب کے شیئرز میں منقسم ہے جس میں ہر شیئر کی مالیت -/10 روپے ہے۔ ادا شدہ سرمایہ 2.1 ارب روپے تک پہنچتا ہے۔ مستقبل میں سرمائے کی ضرورت پورا کرنے کے لیے اور ذخائر کو کمپنی کے منظور شدہ سرمائے میں بدلنے کے لیے، تجویز پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی کے منظور شدہ سرمائے کی سطح 50 ارب روپے تک بڑھائی جائے جو -/10 روپے مالیت کے 5 ارب عمومی شیئرز میں تقسیم ہو۔

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi